07/05/2026

12.30 pm

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

خبروں کا بلٹن لیکر میں عابدہ اختر

آپریشن سندور

آپریشن سندور کا آج ایک سال مکمل ہو گیا ۔ گزشتہ برس آج ہی کے روز بھارت نے آپریشن سندور کے تحت پاکستان اور پاکستانی مقبوضہ کشمیر میں نو دہشت گرد ٹھکانوں پر حملے کر کے، قریب ایک سو دہشت پسندوں کو ہلاک کیا تھا ۔

یہ ہوائی حملے 22 اپریل کے پہلگام حملے کے جواب میں ایک موثر ردِ عمل کے طور پر کئے گئے تھے ۔ دہشت گردی کے خلاف زیرو ٹالرنس کی پالیسی کا عکاس آپریشن سندور بھارت کی فوجی اور تزویراتی قوت کا مظہر ہے ۔

لیفٹنٹ گورنر

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہانے آپریشن سندو ر کا ایک سال مکمل ہونے پر بھارت کے بہادر فوجی جوانوں کی شجاعت اور قربانیوں کی سراہنا کی ہے ۔

ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں انہوں نے کہا ہے کہ آج ہم ان سبھی مرد اور خواتین فوجیوں کو سلام پیش کرتے ہیں جنھوں نے پہلگام میں معصوم شہریونکی ہلاکت کا بدلہ نہایت پُر عزم اور غیر متزلزل جذبے کے ساتھ انجام دیا ۔

انہوں نے کہا کہ آپریشن سندو ر ملک کی خود مختاری اور سالمیت کو بچانے کے لئے ہمارے مسلح افواج کے عزم کا عکاس ہے ۔ منوج سنہا نے کہا کہ ہم جموں کشمیر کو دہشت گردی سے پاک کرنے اور دہشت گردوں کے نیٹ ورک کو تہس نہس کرنے کے لئے پُر عزم ہیں ۔

وزیر اعلیٰ

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے گلمرگ میں مالیات سے متعلق پارلیمانی قائمہ کمیٹی کے اعزاز میں ایک عشائیے کی کر رہے ہیں جو چار سے Bhartruhari Mahtab میزبانی کی ۔ کمیٹی کی قیادت رکنِ پارلیمان اور چیر پرسن سات مئی تک سرینگر اور گلمرگ کے مطالعاتی دورے پر ہے ۔ یہ کمیٹی یہاں اہم نوعیت کے مالی اور اقتصادی امور کا جائزہ لینے کے لئے متعلقین سے بات چیت کر رہی ہے ۔ اس موقعہ پر وزیر اعلیٰ کے مشیر ناصر اسلم وانی، ایم ایل اے فاروق احمد شاہ ، تنویر صادق اور چیف سیکریٹری اٹل ڈلو بھی موجود تھے ۔

اس سے پہلے گلمرگ میں کچھ پروجیکٹوں کا افتتاح کرنے کے بعد ایک جلسے سے خطاب کر تے ہوئے وزیر اعلیٰ نے کہا کہ بے روزگاری پر قابو پانے کے لئے صرف سرکار ی نوکریاں ہی ایک واحد وسیلہ نہیں ہے بلکہ سرکار مختلف سکیموں کے ذریعے نوجوانوں کو خود روزگاری کی طرف بھی راغب کر رہی ہے - --

------

نشہ مکت جموں کشمیر ابھیان

جموں کشمیر کو منشیات کی بدعت سے پاک کرنے کے لئے سو دنوں پر مشتمل نشہ مکت جموں کشمیر ابھیان کے تحت سرگرمیاں شد و مد سے جاری ہیں۔لیفٹنٹ گورنر منوج سنہانے حالیہ دنوں میں سرینگر اور بڈگام اضلاع میں بڑی پد
یاترا و

---

ں کی قیادت کی - پیش ہے منوج سنہا کا پیغام۔

----

اِدھر ڈرگ سمگلروں کے خلاف پولیس کی کاروائیاں بھی لگاتار جاری ہیں اور کل دن بھر کے دوران مزید کچھ سمگلروں کو گرفتار کر کے ان کے قبضے سے منشیات بر آمد کر لی گئیں -

ڈپٹی کمشنر اننت ناگ ڈاکٹر بلال محی الدین بٹ نے ضلعے میں نو مئی کو منعقد کی جانے والی پد یاترا میں لوگوں کو بھر پور شرکت کرنے کے لئے مدعو کیا ہے -

ضلع انتظامیہ بانڈی پورہ کی جانب سے بھی نشہ مکت جموں کشمیر ابھیان کے تحت ضلعے کے تعلیمی اداروں میں جانکاری پروگراموں کا ایک سلسلہ منعقد کیا گیا -

ڈپٹی کمشنر سرینگر

میں Panzinara ڈپٹی کمشنر سرینگر اکشے لابرو نے تحصیل آفس سینٹرل شالہ ٹینگ اور گورنمنٹ مِڈل سکول جاری نئی عمارتوں کے کام کی پیش رفت کا جائزہ لیا - اس موقعہ پر انہوں نے ترقیاتی پروجیکٹوں کی تکمیل پورے معیار کے ساتھ وقت پر یقینی بنانے کی ہدایت دی -

میں عوامی شکایات کے ازالے کے ایک کیمپ کی صدارت کے علاوہ بزرگ Panzinara اس سے پہلے انہوں نے سکیم کے تحت اندراج کے پروگرام کی بھی قیادت کی - Vay Vandhan شہریوں کے لئے

سرینگر میونسپل کارپوریشن

سرینگر میونسپل کارپوریشن کے کمشنر فضل الحسیب نے دس سے 12 مئی تک مکانات و شہری ترقی کے امور سے متعلق پارلیمانی قائمہ کمیٹی کے آئندہ دورے کے سلسلے میں ایک جامع میٹنگ کے دوران متعلقہ محکموں کی تیاریوں اور انتظامات کا جائزہ لیا -

انہوں نے سبھی متعلقین سے کہا کہ وہ اس دورے کے پیش نظر پورے انتظامات کے ساتھ قریبی تال میل بنا کر کام کریں -

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خدا حافظ

************